نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام پرعمل درآمد کے لیے محکمہ زراعت پنجاب اور بینک آف پنجاب کے مابین دستخط کی تقریب۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے وِیژن کے تحت ہائی ٹیک زرعی مشینری کی خریداری کے لیے کاشتکاروں/سروس پرووائیڈرز کو 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرض فراہم کیا جائے گا۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور04دسمبر2025( ) وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام پرعمل درآمد کے لیے محکمہ زراعت پنجاب اور بینک آف پنجاب کے مابین دستخط کی تقریب منعقد ہوئی جس میں وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہو، صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، انجینئر ساجد نصیر سمیت محکمہ زراعت اور بینک آف پنجاب کے دیگرافسران نے شرکت کی۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وِیژن کے تحت جدید زرعی مشینری کی خریداری کے لیے 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرض فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ بلاسود قرض کی رقم صرف جدید زرعی مشینری کی خریداری کے لیے استعمال ہوگی اور یہ قرض کی رقم کاشتکاروں اور سروس پرووائیڈرز کو فراہم کی جائے گی۔اس بلاسود قرض کی رقم سے 12 قسم کی جدید زرعی مشینری کی خریداری کی سہولت میسر ہوگی جبکہ اب تک 4 کروڑ روپے کے بلاسود قرض کی منظوری دی جا چکی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام کے لیے قرض پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر فراہم کیا جارہا ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہو نے کہا کہ اس پروگرام کے لیے مشینری کا انتخاب تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کیا گیا ہےاوروزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام کے ذریعےصوبہ میں فارم میکانائزیشن کوحقیقی معنوں میں عملی جامہ پہنایا جائے گا۔

اس موقع پر صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود نے کہا کہ بینک آف پنجاب کودرخواست دہندگان کوقرض کی منظوری کے لیے بھرپور تعاون حاصل ہے۔

☆☆☆☆